غصہ مت کیا کرو

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں : ایک شخص نے اللہ کے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے کوئی نصیحت کریں، تو آپ ﷺ نے فرمایا: ”غصہ مت کیا کرو“ اس نے یہ سوال بار بار دہرایا اور آپ ﷺ ہر بار یہی فرماتے رہے کہ غصہ مت کیا کرو

[صحيح] [رواه البخاري]

ایک صحابی نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم سے گزارش کی کہ ان کو کوئی ایسی بات بتائیں، جو ان کے لیے سودمند ثابت ہو لہذا آپ نے ان سے کہا کہ وہ غصہ نہ کیا کریں یعنی ایک تو غصہ دلانے والی چیزوں سے بچیں اور دوسرا جب غصہ آجائے، تو اپنے اوپر قابو رکھیں ایسا نہ ہو کہ غصہ میں آکر قتل کر دیں، مار دیں یا گالی گلوج وغیرہ کرنے لگیں اس صحابی نے کئی بار اپنی بات دہرائی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ہر بار بس اتنا کہا کہ تم غصہ نہ کیا کرو

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4709